میں ایمان رکھتا ہوں کہ یسوع ہی مسیح ہے۔ وہی موعودہ برّہ ہے جو ہمارے گناہ اٹھالے جاتا ہے۔ ہمیں اب قربانی کی کوئی ضرورت نہیں، یسوع ہی خدا تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔ میں یسوع کا شاگرد بنوں گا۔
یہاں پانی موجود ہے، اب مجھے بپتسمہ لینے سے کون سی چیز روک سکتی ہے؟
میں تجھے ضرور بپتسمہ دوں گا اگر تو یسوع پر پورے دل کے ساتھ ایمان رکھتا ہے۔
اوہ! لیکن میں رکھتا ہوں! میں ایمان رکھتا ہوں!
میں تجھے اپنے خداوند اور نجات دہندہ یسوع مسیح کے نام میں بپتسمہ دیتا ہوں۔

خداوند کی حمد ہو!
وہ شخص کہاں گیا؟
وہ اچانک غائب ہو گیا ہے!
خداوند کو کسی اور مقام پر اسکی ضرورت ہو گی۔ چلو، ایتھوپیا واپس جا کر جو کچھ ہم نے مسیح کے بارے میں سیکھا ہے، ملکہ کو بتاتے ہیں۔
ایتھوپیا میں کلیسیاء قائم ہوئی اور جدید دور تک کام کرتی رہی، اسکے بعد زیادہ تر مسیحی مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوئے۔

اعمال ۸: ۳۶۔۳۹



زبور ۲۲:۱۶ میں بتایا گیا ہے کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں چھیدے جائیں گے۔ اور بالکل ویسے ہی ہوا کہ وہ کیلوں سے چھیدے گئے۔ زبور ۲۲ کی آیت ۱۴ ہمیں بتاتی ہے کہ کس طرح وہ پیاسا ہو گا اور اسکی تمام ہڈیاں مرتے وقت جوڑوں سے اکھڑ جائیں گی۔ لیکن پھر زبور ۳۴:۲۰ میں لکھا ہے، جب وہ، مصلوب ہوا، اس کی کوئی بھی ہڈی نہ توڑی گئی۔ اور تم جانتے ہو، کہ یہ روایت ہے کہ مصلوب ہونے والے کی ہڈیاں توڑی جاتی ہیں۔ لیکن اس سے پہلے کہ وہ اسکی ہڈی توڑتے وہ مر گیا۔

زبور ۲۲ کی آیت ۱۷ میں پیشن گوئی کی گئی کہ وہ اس کے ننگے پن پر نظر کریں گے اور آیت ۱۸ بتاتی ہے کہ کس طرح وہ اس کے کپڑوں میں سے ایک پر قرعہ ڈالیں گے اور دوسرے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے آپس میں بانٹ لیں گے۔

زکریاہ ۱۲:۱۰ بھی ہمیں بتاتا ہے کہ اس کے ہاتھ چھیدے جائیں گے، اور بعد میں یہودی یہ نشان اس کے ہاتھوں میں دیکھیں گے۔

یسعیاہ ۵۰:۶ بتاتا ہے کہ اس کی کمر پر مارا جائے گا اور وہ اس کے گال پر تھپڑ ماریں گے۔

زبور ۱۶:۱۰ میں لکھا ہے کہ اگرچہ وہ دفنایا جائے گا لیکن قبر میں اس کے جسم کے سڑنے کی نوبت نہ آئے گی۔ پیشن گوئیاں ہمیں بتاتی ہیں کہ اس کا ایک دوست اس کو دھوکہ دے گا، اور وہ دھوکہ دینے والا اپنے آپ کو پھانسی پر لٹکا لے گا، جس کے نتیجے میں اس کا جسم زمین پر گر جائے گا اور اس کی انتڑیاں کھیت میں بکھر جائیں گی، اور اس کے بعد وہ کھیت پر دیسیوں کو دفن کرنے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔

یہ اور بہت سی ایسی باتیں بالکل اسی طریقے سے پوری ہوئیں جیسے نبیوں نے لکھا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یسوع ناصری ہی، مسیح ہے، وہی دنیا کا نجات دہندہ ہے۔

زبور ۱۶:۱۰؛ ۲۲:۶، ۱۷۔۱۸؛ ۳۴:۲۰؛ یسعیاہ ۵۰:۶؛ زکریاہ ۱۲:۱۰

یسعیاہ ۵۳:۳۔۱۰، اعمال ۸:۳۵؛ رومیوں ۲:۱۶؛ ۲ کرنتھیوں ۵:۲۱



یسعیاہ ۵۳؛ اعمال ۸: ۲۷۔۳۰، ۳۴

ایک مسیحی جس کا نام فلپس تھا دعا کر رہا تھا جب ایک فرشتے نے اس کے ساتھ کلام کیا۔
فلپس، اٹھ اور جنوب کی طرف ایک بڑی سڑک پر جا جو یروشلیم سے غزہ کو جاتی ہے۔
مجھے نہیں معلوم کہ وہ مجھے وہاں کیوں بھیجنا چاہتا ہے۔ لیکن اگر خداوند فرماتا ہے کہ جا، تو میں ضرور جاؤں گا۔
یہ وہی جگہ لگتی ہے۔ خداوند، اب میں کیا کروں؟
خداوند تو کیا چاہتا ہے؟
قافلہ! خداوند، کیا یہی وجہ ہے کہ تو مجھے یہاں لے کر آیا ہے؟ کیا اس میں کوئی ایسا شخص ہے جسے تو نے اپنے لئے چن لیا ہے؟
جا اور اس قافلے کے ساتھ مل جا۔

اعمال ۸:۲۶۔۲۹

اس گستاخ کو مار دو!
یسوع کے ان لوگوں کا خاتمہ کرو!
یہ تو صرف آغاز ہے!
اور اس وقت یروشلیم میں کلیسیاء کو شدید اذیتیں دی گئیں، اور رسولوں کے سوا سب لوگ شہر چھوڑ گئے۔
ساؤل جو کہ فریسی تھا، کلیسیاء کے خلاف لڑتا تھا، ہر گھر میں داخل ہو کر عورتوں اور مردوں کو پکڑتا اور جیل میں قید کرتا۔
کیا یہاں مسیح کے کوئی اور پیروکار بچے ہیں؟
میرے باپ کو نہ مارو!
عورت کو بھی پکڑ لو!

اعمال ۷:۵۹_۸:۳

گستاخِ خدا۔
ہم نے یسوع کو مصلوب کیا۔ تمہیں ہم سنگسار کریں گے۔
یہ ہمارے مذہب کو خراب کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔
مجھے سنگسار کرنے کے بعد بھی یسوع ہی خداوند رہے گا۔

اس نے ہمارے مذہب کی توہین کی ہے۔ ہم تو کہتے ہیں کہ اسے مرنا چاہیئے۔ ساؤل، کیا ہمیں اعلیٰ حکام کی حمایت حاصل ہے؟
میں اس کی موت کی سزا پر دستخط کروں گا۔ یہ مرے ہوئے یسوع ناصری کے پیروکاروں میں سے ایک ہے۔ یہ توہین رکنی چاہیئے۔ سنگسار کرنا جاری رکھو۔

ساؤل، میری قمیض کا خیال رکھنا۔
خداوند یسوع، میری روح کو قبول کر اور انہیں اس گناہ سے بری کر۔


اے اسرائیل کے لوگو، تمہیں معلوم ہے کہ خدا نے ہمارے بزرگوں کو بتایا تھا کہ ان کی نسل ایک اجنبی زمین پر لیجائی جائے گی اور وہاں وہ ۴۰۰ برس تک غلاموں کی طرح زندگی بسر کریں گے، خداوند نے کہا کہ اس کے بعد وہ اس قوم کی عدالت کرے گا اور اپنے لوگوں کو مخلصی بخش کر اس زمین پر لے آئے گا جو اس نے ابرہام کو دی تھی۔
لیکن سلیمان نے خداوند کیلئے ایک گھر بنایا۔ خدائے بزرگ و برتر ہاتھ کے بنے ہوئے گھروں میں نہیں رہتا؛ جیسے کہ نبی نے کہا، "آسمان میرا تخت اور زمین میرے پاؤں کی چوکی ہے: تم میرے لئے کیا گھر بناؤ گے؟" خداوند نے فرمایا، "کیا یہ میرے آرام کی جگہ ہے؟ کیا میرے ہاتھوں نے یہ سب چیزیں نہیں بنائیں؟"
ستفنس، اپنے آپ کو بے وقوف نہ بنا۔
تو ہماری ہیکل کے خلاف باتیں کرتا ہے!

تم ضدی اور باغی ہو۔ تمہارا دل خداوند کیلئے برا ہے۔ تم پاک روح کی مخالفت کرتے ہو جیسے کہ تمہارے بزرگوں نے کی۔ تم اور تمہارے بزرگوں نے ان نبیوں کو اذیتیں دیں اور قتل کیا جنہوں نے یسوع مسیح کے آنے کی پیشن گوئیاں کیں، لیکن تم نے بھی اسے دھوکہ دیا اور قتل کیا۔
ستفنس، تو اپنے آپ کو یہودی کہتا ہے؟
تو ہماری شریعت اور روایات کو توڑنا چاہتا ہے اور اس کا نعم البدل کس کے ساتھ کرنا چاہتا ہے؟ ایک مرے ہوئے آدمی کے ساتھ جسے اس وقت سے کسی نے نہیں دیکھا جب سے رومیوں نے اسے مصلوب کیا ہے؟
دیکھو! میں آسمان کو کھلا اور ابنِ آدم کو خدا کے دہنی طرف کھڑا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ واہ! کیا جلال ہے!

اپنے ہاتھ اپنے کانوں پر رکھ لو۔ خدا کی ایسی توہین بالکل نہ سنو!
یہ موت کا حقدار ہے!
اسے شہر سے باہر لے جاؤ اور سنگسار کر کے مار دو۔

اعمال ۴:۱۰؛۱۳:۳۰۔۳۲



زبور ۱۱۸:۲۲؛ اعمال ۴:۷۔۲۱

☆ مذہبی رہنما جو کہ صدوقیوں کے نام سے جانے جاتے تھے، مردوں کے جی اٹھنے پر یقین نہیں رکھتے تھے (متی ۲۲:۲۳ اور اعمال ۲۳:۶۔۸ دیکھیں۔)

اب وہ لنگڑوں کو اس لئے گرفتار کر رہے ہیں کہ وہ چل رہے ہیں۔
یہ معجزہ تھا، بالکل اسی طرح جیسے مسیح کرتا تھا، جب وہ یہاں تھا۔
میرا ایک پڑوسی ہے جو کہ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے مسیح کو اس کی موت کے بعد زندہ دیکھا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ وہ اکٹھے ۵۰۰ لوگوں پر ظاہر ہوا۔
میں باقی شاگردوں کو ڈھونڈنے کیلئے جا رہا ہوں تا کہ اور باتیں معلوم کروں۔

میرا خیال تھا کہ ہم نے جب ان کے رہنما کو مصلوب کر دیا تو ہمیں کافروں کے اس ٹولے سے چھٹکارا مل گیا۔
یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ نہیں مرا۔
پھر ہم اسے دوبارہ ماردیں گے اور اس کے شاگردوں کو بھی۔
وہ کہتے ہیں کہ وہ آسمان پر اپنے باپ کے ساتھ ہے۔
اچھا، پھر وہ دونوں اسے جلد ہی ملیں گے۔

اعمال ۳:۱۲، ۱۴۔۱۹، ۴:۱۔۳

مہربانی کر کے جناب،
صرف ایک چھوٹا سکہ ایک
لنگڑے اور غریب کیلئے؟
پطرس، میرے پاس رقم نہیں ہے۔
کیا تیرے پاس کوئی سکہ ہے؟
نہیں، لیکن جب سے روح القدس
ہمارے پاس آیا ہے، ہمارے پاس
اس کو دینے کیلئے کچھ ہے۔
میرے پاس سونا یا چاندی تو نہیں
لیکن میں تجھے وہ دوں گا جو
میرے پاس ہے۔ یسوع مسیح کے
نام میں کھڑا ہو اور چل پھر۔
ظالم نہ بنو۔ یہ شخص پیدائشی
لنگڑا ہے۔ اس کی ٹانگیں بغیر
کسی وجہ کے ضائع ہو گئیں۔
یسوع مسیح نے تجھے
کامل کر دیا ہے۔
ہانپنا!
خدائے قادرِ مطلق!
اس کی ٹانگیں
ٹھیک ہو رہی ہیں!
مجھے یقین نہیں آتا۔
لنگڑا آدمی چل رہا ہے!
نہیں، وہ تو چھلانگیں مار رہا ہے۔
خداوند کی حمد ہو!
شکریہ پیارے یسوع!

زبور ۲، ۱۶: ۱۰؛ اعمال ۲: ۳۶، ۳۷۔ ۴۱

اعمال ۱:۱۲۔۱۴، ۲:۱۔۱۳، ۳۲، ۳۶

لوقا ۲۴:۴۹۔۵۱؛ اعمال ۱:۷۔۱۱





متی ۲۸:۱۸۔۲۰؛ لوقا ۲۴:۴۴۔۴۹؛ یوحنا ۱۴:۲۔۴

یوحنا ۲۰:۲۶_۳۱؛ لوقا ۲۴:۳۶_۴۳

یہ میرا گھر ہے۔ مہربانی کر کے جناب، دن بہت ڈھل گیا ہے۔ آیئے اور آج رات ہمارے ساتھ گزاریں۔ میں یسوع کے بارے میں اور پیشن گوئیاں سننا چاہوں گا۔

جناب، ہماری عزت افزائی ہو گی اگر آپ ہمارے کھانے پر برکت کی دعا کریں۔

اے خداوند ہمارے خدا، کائنات کے بادشاہ، تیرا نام مبارک ہو جو کہ زمین سے روٹی مہیا کرتا ہے۔ اس روٹی کیلئے ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں۔

لو اور کھاؤ۔
یسوع یہ تو ہے!
استاد!

وہ غائب ہو گیا!
وہ جا چکا ہے!
تمام وقت ہمارے ساتھ یسوع ہی تھا!
یقیناً وہ یہ تمام پیشن گوئیاں جانتا تھا۔


یسوع زندہ ہے! موت اسے فتح نہ کر سکی! وہ زندہ ہے! چلو یروشلیم واپس چلتے ہیں اور باقی شاگردوں کو بتاتے ہیں۔

یسوع ناصری، جسے انہوں نے مصلوب کیا، اس نے مسیح ہونے کا اور خدا کے برابر ہونے کا دعویٰ کیا، کیا وہ نہیں تھا؟ یسعیاہ نبی نے کہا تھا کہ مسیح "خدائے قادرِ مطلق، ابدیت کا باپ" کہلائے گا۔ کیا یسوع نے نہیں کہا تھا کہ اگر تم نے اسے دیکھا ہے تو تم نے باپ کو دیکھا ہے؟ اس کا دعویٰ پوری طرح سے کلامِ مقدس میں ثابت ہوا ہے۔

یسعیاہ نے یہ بھی کہا تھا کہ مسیح اس وقت آئے گا جب اسرائیل یا یہوداہ میں کوئی یہودی بادشاہ نہ ہو گا۔ پس وہ اس وقت ہی ہوا۔ اس نے مسلسل یہ کہا کہ یسوع ایک کنواری سے پیدا ہو گا۔ میکاہ نبی کے مطابق، وہ یہوداہ کے شہر بیتِ لحم میں پیدا ہو گا، جس طرح کہ یسوع پیدا ہوا۔

کئی پیشن گوئیاں یہ بتاتی ہیں کہ وہ داؤد بادشاہ کی نسل سے پیدا ہو گا، دونوں یوسف اور مریم، داؤد کی نسل میں سے تھے۔

یسعیاہ نے پیشن گوئی کی تھی کہ اسرائیل اسے رد کرے گا۔ نبیوں نے اس کا دکھ اٹھانا پہلے ہی دیکھ لیا تھا۔ اس کا ایک دوست تیس چاندی کے سکوں کے بدلے اس کو دھوکہ دے گا، وہ اپنے پکڑوانے والوں کے سامنے نہیں بولے گا؛ وہ زخمی ہو گا اور گھائل کیا جائے گا، اس کی داڑھی نوچی جائے گی۔ وہ اس کے ننگے پن کی طرف دیکھیں گے اور اس کے منہ پر تھوکیں گے۔ وہ اپنی پیٹھ ٹھونکنے والوں کے حوالے کرے گا جب تک کہ اس کی شبیہ کسی بھی آدمی سے زیادہ نہ بگڑ جائے۔ وہ بالکل ایسے ہو گا جیسے کہ ایک بھیڑ ذبح ہونے کیلئے لے جائی جاتی ہے، اور اس سب کا نتیجہ اس کی موت کی صورت میں ہو گا۔ وہ ایک امیر آدمی کی قبر میں دفن کیا جائے گا۔

زکریاہ نبی ہمیں بتاتا ہے کہ نجات دہندہ کو اس کا ایک دوست چاندی کے تیس سکوں کیلئے دھوکہ دے گا۔ اسکے دوست اسے چھیدیں گے۔ اذیت دیں گے اور اس کے ہاتھوں کو زخمی کریں گے۔

نبی نے کہا تھا کہ وہ اندھوں کی آنکھیں کھولے گا اور قیدیوں کو رہائی دے گا، وہ اسرائیل کا چرواہا ہو گا اور ایک نجات دہندہ بن کر صیون میں آئے گا۔

لیکن یہ سانحہ ایسا نہ تھا جس پر اس کا کوئی اختیار نہیں تھا۔ کیا یسوع نے یہ نہیں کہا تھا کہ کوئی شخص اس کی زندگی اس سے نہیں لے سکتا، لیکن وہ اپنی مرضی کے ساتھ اپنی زندگی دیتا ہے؟ یسعیاہ نبی کہتا ہے کہ خداوند کو پسند آیا کہ اسے کچلے، کیونکہ اس کی جان گناہ کی قربانی کیلئے پیش کی گئی تھی۔ وہ دوسروں کے گناہوں کے لئے ہلاک ہوا، کیونکہ اس نے سب کے گناہ اٹھا لئے، اور وہ اپنی موت میں بہت سوں کو بے گناہ ٹھہرائے گا۔

اگرچہ کہ موت اختتام نہیں تھی۔ یسعیاہ نے یہ پہلے سے دیکھ لیا تھا کہ اس کی زندگی موت کے بعد بھی جاری رہی؛ وہ سرفراز اور قابلِ ستائش ہو گا اور بہت اونچا مقام حاصل کرے گا۔ وہ دنیا کے آخر تک نجات دے گا۔ وہ ناکام نہیں ہو گا۔ مسیح ایک نیا عہد ہو گا۔

وہ منصف ہو گا، اور ایک نئی زمین اور نئے شہر میں نئے اسرائیل پر حکومت کرے گا۔ ایک دن آئے گا جب ہر گھٹنا اس کے آگے جھکے گا، اور ہر زبان اقرار کرے گی کہ وہ خداوند ہے۔

مجھے بتاؤ کہ تم کیوں اداس ہو؟ کیا تمہیں عورتوں نے نہیں بتایا کہ فرشتے نے کہا ہے کہ وہ مُردوں میں سے جی اٹھا ہے؟

حیرت انگیز بات ہے!

یسعیاہ ۷:۱۴، ۶:۹، ۱۱:۱، ۱۱:۴۰، ۴۲:۷، ۴۹:۷، ۵۲:۱۴، ۵۳:۱، ۵۹:۲۰، ۳:۱؛ زبور ۴۱:۹، ۲۲:۱۵، ۴۲:۴، ۶:۴، ۴۵:۲۳، ۴۹:۶، ۵۲:۱۳؛ یرمیاہ ۲۳:۵۔۶؛ میکاہ ۵:۲؛ زکریاہ ۱۱:۱۲۔۱۳، ۱۲:۱۰، ۱۳:۶۔۷؛ یوحنا ۱۰:۱۸







زبور ۲۲؛ زکریاہ ۱۳:۷؛ لوقا ۲۴:۱۳۔۲۶

یوحنا، قبر میں کفن اس طرح اکٹھا ہو کر پڑا ہے، جیسے کہ وہ ابھی اٹھ کر گیا ہو۔
نہیں، یہ نہیں ہو سکتا۔
لیکن فرشتے کہاں ہیں؟ عورتوں نے یقیناً رویا دیکھی ہے۔
کیا تم نے سفید کپڑوں میں ملبوس آدمیوں کو دیکھا ہے؟
یہاں نہ کوئی آدمی، نہ ہی فرشتے، کچھ بھی نہیں تھا۔ اس کا جسم غائب ہے۔
دبی دبی ہچکیاں۔
اے عورت تو کیوں رو رہی ہے؟
کیونکہ وہ میرے خداوند کو لے گئے ہیں اور میں نہیں جانتی کہ انہوں نے اسے کہاں رکھا ہے۔
مریم۔
استاد!
مریم، مجھے نہ چھو۔ میں ابھی باپ کے پاس نہیں اٹھایا گیا۔ لیکن جا اور جا کر جو کچھ تو نے دیکھا ہے شاگردوں کو بتا اور انہیں کہہ کہ میں انہیں گلیل میں ملوں گا۔
میرے خداوند، تو زندہ ہے۔

یوحنا ۲۰:۷۔۱۷

یسوع زندہ ہے! ہم ابھی قبر سے واپس آئی ہیں۔
یسوع وہاں نہیں ہے، لیکن فرشتے وہاں تھے۔
ہمیں یاد آیا کہ یسوع نے کہا تھا کہ وہ تیسرے دن پھر جی اٹھے گا۔
فرشتوں نے کہا ہے کہ یسوع تمہیں گلیل میں ملے گا!

پطرس، تو کہاں جا رہا ہے؟
قبر پر۔

یوحنا بھی اسکے پیچھے گیا اور پطرس سے آگے بھاگا۔
یوحنا، انتظار کر؛ میں تیرے جتنا تیز نہیں بھاگ سکتا۔

یہ خالی ہے!

اس کا کیا مطلب ہے؟

وہ پتھر بہت بڑا ہے۔ ہم اسے ہٹانے کیلئے لوگ کہاں سے ڈھونڈیں گے؟
مجھے نہیں معلوم مگر تین دن اور تین راتیں گزر چکی ہیں۔ مصالحوں کے بغیر لاش میں سے بدبو آ رہی ہو گی۔
انہیں نہیں معلوم تھا کہ سپاہی قبر کی نگرانی کر رہے تھے۔
چند لمحوں کے بعد
کسی نے پہلے ہی پتھر کو سرکا دیا ہے!
اس کی لاش نہیں ہے، قبر خالی ہے!
اوہ! تم کون ہو؟ یسوع کی لاش کہاں ہے؟
وہاں کفن پڑا ہے!
حیران نہ ہو، مجھے معلوم ہے تم یسوع کو جو کہ مصلوب ہوا، ڈھونڈ رہی ہو۔ وہ یہاں نہیں ہے۔ وہ مُردوں میں سے جی اٹھا ہے، بالکل اسی طرح جیسے اس نے کہا تھا۔
آؤ، وہ مقام دیکھو جہاں وہ پڑا تھا اور جا کر اس کے شاگردوں کو بتاؤ کہ یسوع ان کو گلیل میں ملے گا۔
یسوع زندہ ہے! تو کہہ رہا ہے کہ وہ مُردوں میں سے جی اٹھا ہے، بالکل لعزر کی طرح!
یہ آدمی فرشتے ہیں!
یسوع زندہ ہے!
جلدی کرو، ہمیں جا کر شاگردوں کو بتانا چاہیے۔

مرقس ۱۶:۳-۸

یہ بہت شدید ہے۔
ان لوگوں کی چیخیں سنو! لگتا ہے کہ کوئی زخمی ہوا ہے۔
کیا----؟
آہ!
یہ خدا ہے!
وہ پتھر ہٹا رہا ہے!
یہ ہمیں مار دے گا!
خدایا، رحم کر!
مجھے اکیلے چھوڑ کر نہ جاؤ! خدایا رحم کر!
یہ نہیں ہو سکتا ہے!
اپنی جانیں بچانے کیلئے بھاگو!

متی ۲۸:۱۔۲؛ لوقا ۲۴:۱



متی ۲۷:۵۹۔۶۶؛ یوحنا ۱۹:۴۰

باب نمبر ۱۱:

قیامتِ مسیح اور ابتدائی کلیسیاء